# DISTRICT
# RED CRESCENT BRANCH
# HYDERABAD




PAKISTAN RED CRESCENT

پاکستان ریڈکریسنٹ سندھ
ڈسٹرکٹ برانچ حیدرآباد

# تین سالہ کارکردگی رپورٹ

برائے سال 2020-2023

منجانب: ایڈووکیٹ محمود علی خان قائم خانی
چیئرمین: ہلال احمر برانچ حیدرآباد


بسم الله الرحمن الرحيم

# سورۃ المنافقون

وَأَنفِقُوا مِن مَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ
أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ
أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٠﴾

اور جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس (وقت) سے پیشتر خرچ کرلو کہ تم میں سے
کسی کی موت آجائے تو (اس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی اور
مہلت کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کرلیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہو جاتا ﴿۱۰﴾

And donate from what We have provided for you before death comes to one of you, and you cry, My Lord! If only You delayed me for a short while, I would give in charity and be one of the righteous.



Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah
Founding Father Pakistan Red Crescent Society

*"Now that the Pakistan Red Crescent Society has been established by us. It will I hope play its full and destined part in the service of humanity along with other bodies and organizations in the international field to afford on possible relief & help to the suffering and distressed people whenever."*



Mr. Tariq Qureshi
Deputy Commissioner, President DRCBH



Advocate Mehmood Ali Khan Qaim Khani
Chairman DRCBH

# MEMBERS OF THE EXECUTIVE COMMITTEE



Shoukat Khayyam



Abdul Haq Shaikh



Adv. Fazal Qadir Memon



Asrar Muhammad Shaikh



Dr. Syed Ali Uddin Shah



Dr. Iqbal Haziq Ali



M.Naeem Shaikh



Dr. M.Waseem Shaikh



Dr. Tariq Khan

# DISTRICT RED CRESCENT BRANCH HYDERABAD

## MEMBERS OF THE EXECUTIVE COMMITTEE


Haji M.Yaqoob


Kousar Siddiqui


Masood Pervez


Prof. M.Hanif Ghani


Saleem Umer Memon


M.Amin Khatri


Abdul Aziz Memon


Mehboob Zaman

Aamir Jatoi


Shah Jahan Panhwar


Dr. Lala Jaffar



# ٹریبوٹ

ہلال احمر حیدر آباد کے تمام ممبران اور خیر خواں کی جانب سے میں مرحوم ڈاکٹر محمد فاروق میمن سابقہ چیئرمین حیدر آباد برانچ وسابقہ اعزازی سیکریٹری ہلال احمر صوبائی برانچ کو اُنکی لازوال خدمات پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کی محنتوں اور کاوشوں کے نتیجہ میں ہلال احمر حیدر آباد جو کہ ایک چھوٹی سی ڈسپینسری ہوا کرتی تھی وہ آج ہلال احمر کا سب سے بڑا ہسپتال بن گیا ہے جو کہ حیدر آباد کی غریب عوام کے لئے ایک نعمت سے کم نہیں ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے دوَر **1992**ء سے **2019**ء تک ہلال احمر حیدر آباد نے تیزی سے ترقی کے مراحل طے کئے جس کا میں عینی شاہد ہوں۔

ڈاکٹر صاحب کی خدمات ہلال احمر کے لئے کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں جس کے معترف تمام ممبران بشمول صوبائی ہیڈ کوارٹر ہیں۔

آخر میں ڈاکٹر صاحب کے پسندیدہ اور اکثر کہے جانے والا شعر پیش کر رہا ہوں۔

میں تو تنہا ہی چلا تھا جانب منزل
لوگ ملتے گئے کارواں بنتا گیا

شوکت خیام سینئر ممبر
ہلال احمد حیدر آباد برانچ



## (LATE) DR. MUHAMMAD FAROOQ MEMON

حیات لیکر چلو کائنات لیکر چلو
چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لیکر چلو
وہ زندگی جو کسی دوسرے کے کام آئے
وہ زندگی ہے اُسی زندگی کی بات کرو

# ہلال احمر ڈسٹرکٹ برانچ حیدر آباد

PAKISTAN RED CRESCENT

پاکستان ریڈ کریسنٹ سندھ
ڈسٹرکٹ برانچ حیدر آباد

# تین سالہ کارکردگی رپورٹ

## برائے سال 2020 تا 2023

منجانب:۔ ایڈووکیٹ محمود علی قائم خانی
چیئرمین ڈسٹرکٹ ہلال احمر حیدر آباد

## ﴿ہلال احمر حیدرآباد کی تین سالہ کارکردگی رپورٹ﴾

معزز صدر ہلال احمر وڈپٹی کمشنر حیدرآباد جناب طارق قریشی، آفس بیئررز، ارکان مجلسِ عاملہ اور ممبران ڈسٹرکٹ

ہلال احمر حیدرآباد:

السلام علیکم!

میں سب سے پہلے تمام ممبران کو جنرل باڈی اجلاس میں شمولیت پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔ آج کے اِس تاریخی دن کے موقع پر ہلال احمر حیدرآباد کے چیئرمین کی حیثیت سے ہلال احمر حیدرآباد کی گزشتہ تین سالہ کارکردگی برائے سال 2020 تا 2023 پر مختصر روشنی ڈالوں گا تاکہ آپکو علم ہو سکے کہ ہلال احمر حیدرآباد نے اپنی ترقی کا صفر کس طرح طے کیا۔

ہلال احمر حیدرآباد بین الاقوامی انسانی خدمت کرنے والی سوسائٹی کا حصہ ہے جو کے سال 1962ء میں قائم ہوا اور طب کے شعبے میں تین اسپتال جس میں 150 بستر پر مشتمل جنرل اسپتال، 80 بستر پر مشتمل کارڈیالوجی اسپتال اور قاسم آباد ڈسپنسری انسانی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ ستمبر 2020 سے موجودہ انتظامیہ نے کارڈیالوجی کی بحالی کے لئے کام شروع کیا اور انتظامی اصلاحات کے ساتھ درج ذیل مسائل کو حل کیا۔ جس میں سابق صدر ہلال احمر حیدرآباد جناب فواد غفار سومرو اور سابق چیئرمین جناب عبدالستار خان جاٹو کی کوششِ اور کاوشیں نمایاہیں۔

جنرل، کارڈیک اسپتال اور ڈسپنسری قاسم آباد کے عملے کی تنخواہ بروقت ادا کرنے کے لئے فنڈ کی کمی، انتظامی مسائل، کیش ڈپارٹمنٹ / یونٹ کی مناسب جانچ پڑتال اور عملے کے ممبران کی کارکردگی کو ترجیحی بنیادوں پر صحیح استعمال کیا گیا اور تمام یونٹ کو ضرورت کے مطابق فعال بنایا جس کی وجہ سے کامیابیاں حاصل ہوئیں، ترقی اور باقاعدہ آمدنی میں اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ ہلال احمر حیدرآباد کے زیرِ انتظام / ملکیت میں اثاثے / زمینوں کے الارٹمنٹ کیلئے کوششِ کی گئیں اور اِس مسلے کے حل کیلئے ضلعی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ رابطے کئے گئے۔

**کووڈ۔ 19 کے دوران ہسپتال انتظامیہ نے مندرجہ زیل حفاظتی انتظامات کئے۔**

1) زاتی حفاظتی آلات کی فراہمی (PPE Items) ماسک، سینیٹائیزر، گلوکوز وغیرہ۔

2) جراثیم کش اسپرے کا انعقاد

اس وبا کے دوران بھی اسپتال کو مریضوں کے علاج کیلیئے فعال رکھا گیا، لوگوں کو کرونا کے ٹیسٹ اور ویکسینیشن کی سہولت دی گئی جب کہ مالی مشکلات کے بہ وجود ملازمین کو مستقل طور پر تنخواہ دی گی۔ اسپتال کے ملازمین نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر مریضوں کا علاج کیا۔

## سیلاب ریلیف آپریشن:

سیلاب کی وجہ سے سندھ کے دور دراز علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے سیلاب زدگان جو کہ حیدرآباد کے ریلیف کیمپوں میں مقیم 158 مریضوں کا علاج زکواۃ فنڈز سے مفت کیا گیا۔ اس کہ علاوہ ریلیف آپریشن کیلیئے پروونشیل ہیڈ کواٹر کی مدد سے حیدرآباد کو ریلیف ہیڈ کواٹر کا درجہ دیا گیا اور پورے سندھ میں سیلاب زدگان کو طبی سہولیات کے ساتھ ساتھ کھانہ تقسیم کیا اور ضرورت کی اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ سیلاب زدگان کو عارضی رہائش گاہ (ٹینٹ) اور پینے کا صاف پانی، مچھروں سے بچاؤں کیلیئے اشیا اور دیگر سہولیات بھی دی گئیں۔

گزشتہ تین سالوں کے دوران 800 سے زاید مستحق مریضوں کا زکواۃ فنڈ سے مفت علاج کیا گیا اور اس کے علاوہ ان تین سالوں میں ہلال احمر کے زیرِ انتظام اسپتالوں میں علاج معالجہ کی سہولت سے مستفید ہونے والے مریضوں کی تفصیل ذیل درج ہے:۔

| نمبر شمار | اسپتال کا نام | مریضوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1۔ | جنرل ہسپتال یونٹ نمبر 6 | 1,197,830 |
| 2۔ | کارڈیک و جنرل ہسپتال یونٹ نمبر 2 | 204,129 |
| 3۔ | قاسم آباد ڈسپنسری | 23,817 |

## ہلال احمر جنرل اسپتال یونٹ نمبر 06:

### انتظامی کامیابیاں:

ہلال احمر حیدر آباد کے زیرِ انتظام اسپتالوں کو COVID-19 کی وجہ سے مالی بحران کا سامنا تھا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، ڈپٹی کمشنر و صدر اور ٹیم کی کوششوں سے، انتظامی اصلاحات، موجودہ وسائل بروءے کار لاتے ہوئے اور تمام محکموں کی مناسب جانچ پڑتال کے ذریعے حالت کو بہتر بنایا گیا۔

تمام موابیبل آئٹم/انوینٹری کا ریکارڈ تشکیل دیا گیا۔

بجلی کے استعمال میں کمی کی گئی، آکسیجن گیس کو ضایا ہونے سے روکنے کیلئے اقدامات کے ساتھ ساتھ گیس کے قیمت پر خصوصی ڈسکاوئنٹ بھی حاصل کیا گیا۔

### مالیاتی کامیابیاں:

ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیا گیا جس پر پچھلے چار سالوں سے غور نہیں کیا گیا تھا۔

کم تنخواہ والے ملازمین کو رمضان بونس دیا گیا۔

عید کے موقع پر پیشگی تنخواہ بھی تقسیم کی گئی۔

کرایہ داروں کے ساتھ گفت و شنید کے بعد کرایہ کی آمدانی میں اضافہ کیا گیا۔

مستحق مریضوں کو زکوٰۃ فنڈ سے باقاعدگی سے مفت علاج فراہم کیا جارہا ہے۔

### ترقیاتی کام:

اسپتال کی عام مرمت، چھتوں، فرش اور باتھ رومز، ایمبولینسوں اور آلات کی مرمت، نئے ائیر کنڈشن کی شمولیت رنگ و روغن اور جنریٹرز کی مرمت کا کام انجام دیا گیا۔

C-ARTS سینٹر سندھ حکومت کے اشتراک سے قائم کیا گیا جو کے دماغی کمزوری کے حامل بچوں کو مفت علاج فراہم کر رہا ہے۔

COVID-19 ٹیسٹ کی سہولت پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی سندھ کراچی کے تعاون سے شروع کی گئی۔
ویکسینیشن کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے۔
اینڈوسکوپی ڈیپارٹمنٹ قائم کردیا گیا ہے جس میں مریضوں کا مناسب قیمت میں علاج کیا جارہا ہے۔
پیپلز پرائمری ہیلتھ کیر انیشیٹو سندھ (PPHI) کے تعاون سے نیوٹریشن پروگرام شروع کردیا گیا جو کہ مفت میں علاج کی سہولت فراہم کررہا ہے۔
الیکٹرواسیفلوگرام (Electroencephalogram) ٹیسٹ کی سہولت مناسب قیمت میں شروع کی گئی ہے۔ جو کے دماغی بیماری کو جانچنے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔
حیدرآباد شہر کے مشہور ومعروف کنسلٹینٹ ڈاکٹرز کو اسپتال میں شامل کیا جو کہ اپنی خدمات مریضوں کو فراہم کررہے ہیں۔
لیزر آپریشن شروع کرنے کیلئے مشین کی تنصیب کا کام کیا جارہا ہے تاکے مریضوں کو مزید سہولیات فراہم کی جاسکے۔

**ہلال احمر انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی و جنرل اسپتال یونٹ نمبر 02:**

**انتظامی کامیابیاں:**

انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی و جنرل اسپتال یونٹ نمبر 02 کی بحالی کا کام اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، سابق ڈپٹی کمشنر و صدر اور موجودہ ٹیم کی کوششوں سے، انتظامی اصلاحات، موجود وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اور تمام محکموں کی مناسب جانچ پڑتال کے ذریعے حالت بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ جب کہ یہ اسپتال عرصہ دراز سے مالی بحران کا شکار ہے جس میں بہتری کے ساتھ ساتھ اپ گریڈ کرنے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ مالی بوجھ کو کم کرنے کیلئے غیر ضروری عملے اور بجلی کے استعمال کو محدود کرنے کے علاوہ دوسرے اخراجات کو بھی کم کیا گیا۔ اس کہ علاوہ مالی مدد کو بھی یقینی بنایا گیا جس کے نتیجے میں مالی بحران سے نکلنے میں کافی مدد مل رہی ہے اور اُمید کرتے ہیں کہ آئندہ آنے والے دنوں میں یہ ادارہ اپنے پیروں پر کھڑا ہوجائیگا۔

## ترقیاتی کام:

تمام موا ایبل آئٹم / انوینٹری کا ریکارڈ تشکیل دیا گیا۔

طبی اور پیرامیڈیکل عملہ مقرر کیا گیا۔

امراض قلب کے ساتھ ساتھ جنرل علاج کی سہولیات شروع کر دی گئیں۔

کینسر کا وارڈ قائم کیا گیا۔

لیبارٹری کو فعال کیا گیا۔

شہر بھر سے مشہور و معروف کنسلٹینٹ ڈاکٹرز کی OPD شروع کی گئی۔

لیاقت یونیورسٹی میڈیکل ہیلتھ سائنسز جامشورہ / حیدرآباد سے وابستہ کیا گیا۔

اسپتال کی مرمت، تزئین و آرائش، رنگ و روغن اور دیگر ضروری کام ڈپٹی کمشنر و صدر ہلال احمر اور مخیرّ حضرات کے تعاون سے انجام دیئے گئے۔

خستہ حال مشینز کی مرمت کا کام کیا گیا۔

CCU ڈیپارٹمنٹ دوبارہ شروع کیا گیا۔

جنرل ICU کو بھی فعال کیا گیا۔

مختلف مفت کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

## مالیاتی کامیابیاں:

ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیا گیا

کم تنخواہ والے ملازمین کو رمضان بونس دیا گیا۔

عید کے موقع پر پیشگی تنخواہ تقسیم کی گئی۔

مستحق مریضوں کو زکوٰۃ فنڈ سے باقاعدگی سے مفت علاج فراہم کیا جارہا ہے۔

اسپتال کی مکمل بحالی کے لیے انجیوگرافی مشین کی ضرورت ہے جس کیلئے NGOs، مخیرّ حضرات، عطیہ دہندگان، حکومت

سندھ اور پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی نیشنل وصوبائی ہیڈ کوارٹر آ گے آئیں اور عام لوگوں کی سہولت کیلئے انجیو گرافی مشین کی خریداری کو ممکن بنائیں۔

## ہلال احمر ڈسپنسری قاسم آباد:

### انتظامی کامیابیاں:

ڈپٹی کمشنر وصدر اور موجودہ ٹیم کی کوششوں سے، انتظامی اصلاحات، موجود وسائل بروء ے کار لاتے ہوئے اور مناسب جانچ پڑتال کے ذریعے حالت کو بہتر بنایا گیا۔

تمام موابیبل آئٹم /انوینٹری کا ریکارڈ تشکیل دیا گیا۔

### ترقیاتی کام:

صحت کی سہولیات میں اضافہ کیا گیا

جنرل مرمت، تزئین و آراش، رنگ و روغن اور دیگر ضروری کام ڈپٹی کمشنر وصدر ہلال احمر اور مخیر ّ حضرات کے تعاون سے مکمل کر کے ایک جدید ترین عمارت بنادی۔

آنکھوں کے آپریشن کیلئے تھیٹر قائم کیا گیا۔

دانتوں کے علاج کی سہولت شروع کی گئی۔

مختلف میڈیکل فیلڈ کے کنسلٹنٹس کو شامل کیا گیا۔

فیزوتھراپی کی سہولت کا آغاز کیا گیا۔

مختلف مفت کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

### مالیاتی کامیابیاں:

ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیا گیا

سال 2022 میں کم تنخواہ والے ملازمین کو رمضان بونس دیا گیا۔

عید کے موقع پر پیشگی تنخواہ کے ساتھ ساتھ عید بونس بھی تقسیم کیا گیا۔

مستحق مریضوں کوز کوٰۃ فنڈ سے باقاعدگی سے مفت علاج فراہم کیا جارہا ہے۔

آخری میں اس موقع پر سابق صدر محترم جناب فواد غفار سومرو کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جو اپنی بے پناہ مصروفیات میں سے وقت نکال کر ہماری رہنمائی کرتے رہے اور ان کی وابستگی اور دلچسپی نے ہمارے جزبوں کو حوصلہ بخشا۔ میں کمشنر حیدرآباد، ڈپٹی کمشنر و صدر ہلال احمر جناب طارق قریشی صاحب اور ضلعی انتظامیہ کے تمام اداروں کا بھی مشکور ہوں جن کا تعاون ہمیشہ ہمارے ساتھ رہتا ہے۔ اس خاص موقع پر صوبائی چیئر پرسن محترمہ فرزانہ نائیک، پروانشل سیکریٹری جناب کنور وسیم ہلال احمر سندھ اور میڈیا کے تعاون کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے ہر لمحہ اور ہر قدم پر ہماری رہنمائی کی اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی ان کا تعاون جاری رہیگا۔

شکریہ۔

خیر اندیش

ایڈوکیٹ محمود علی قائم خانی

چیئرمین ڈسٹرکٹ ہلال احمر حیدرآباد

پاکستان ریڈ کریسنٹ سندھ
ڈسٹرکٹ برانچ حیدرآباد

# DISTRICT RED CRESCENT SOCIETY-SINDH

(Constituted under the Pakistan Red Crescent Society Act. 1974)

## BRANCH HYDERABAD

President: Deputy Commissioner Hyderabad

## اپیل

ہلال احمر جنرل ہسپتال لطیف آباد یونٹ نمبر 6 ، دل کا ہسپتال لطیف آباد یونمبر 2 اور ہلال احمر ڈسپینسری قاسم آباد حیدرآباد میں مستحق مریضوں کا مفت علاج زکواۃ کی رقم سے کیا جاتا ہے۔

گذشتہ سال 2022ء سے اب تک 800 سے زائد مریضوں کے علاج پر 70 لاکھ روپے تک کی رقم خرچ کی جاچکی ہے۔ مخیر حضرات سے اپیل کی جاتی ہے کہ اپنی زکواۃ اور عطیات نیچے دیئے گئے اکاؤنٹ میں جمع کرائیں۔

**Bank AL-Habib Limited**

Bank Al-Habib
1091-0071-001480-01-0
District Red Crescent
General Hospital

Bank Al-Habib
1091-0081-001484-01-6
District Red Crescent
Institute Cardiology

ایڈووکیٹ محمود علی خان قائم خانی
چیئرمین ہلال احمر حیدرآباد

پاکستان ریڈ کریسنٹ سندھ
ڈسٹرکٹ برانچ حیدرآباد

# DISTRICT RED CRESCENT BRANCH HYDERABAD

Unit # 6, Latifabad Hyderabad
Phone No: 022-3818973-4

## REQUEST FOR ZAKAT & DONATION

**Your Zakat is not just a donation, it is a hope for happiness, indeed it is a hope for th life of Human Beings.**

## Account Detail (RCGH)

## Account Detail (RCIC)

**Bank AL-Habib Limited**
Unit # 7, Latifabad Hyderabad

**DONATE NOW!**

Bank Al-Habib
1091-0071-001480-01-0
District Red Crescent
General Hospital

Bank Al-Habib
1091-0081-001484-01-6
District Red Crescent
Institute Cardiology

# PICTURES GALLERY






ریڈ کریسنٹ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ جنرل ہسپتال لطیف آباد نمبر 2 میں **ICU** کا قیام۔



**PPHI** کے تعاون سے ریڈ کریسنٹ جنرل ہسپتال میں نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح۔




**ICU** کی انٹرینس کی تصویر





ہلال احمر جنرل ہسپتال میں انڈوسکوپی سوٹ کے افتتاح کے موقعے پر لی گئی تصویریں

# PICTURES GALLERY






تزئین و آرائش کے بعد ریڈ کریسنٹ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ جنرل ہسپتال لطیف آباد نمبر **2** میں ایگزیکیوٹو کلینکس کا قیام عمل میں لایا گیا۔



ریڈ کریسینٹ ڈسپینسری قاسم آباد میں تزئین و آرائش اور مرمتی امور۔



اسٹور ڈپارٹمنٹ کا دورہ



ملازمین میں رمضان بونس کی تقسیم



کم آمدنی کے حامل ملازمین میں رمضان کے دوران راشن کی تقسیم

# DISTRICT RED CRESCENT BRANCH HYDERABAD

## PICTURES GALLERY






کارڈیک وجنرل ہسپتال یونٹ نمبر 2 میں کینسر کے وارڈ کے افتتاح کی تصاویر





کینسر وارڈ کے افتتاح کے دوران لی گئی تصاویر



ہائجن کٹ کی تقسیم



RCGH کے 250-KVA جنریٹر کی رپیئرنگ

# PICTURES GALLERY





میڈیکل کیمپ کے افتتاح کے موقعے پر لی گئی تصاویر






جراثیم کش مہم کی ٹیم کا ہلال احمر ہسپتال میں جراثیم کش اسپرے



جشن آزادی کے موقعے پر لی گئی تصویر




آٹزم ڈپارٹمنٹ کا قیام

# DISTRICT
# RED CRESCENT BRANCH
# HYDERABAD




پاکستان ریڈ کریسنٹ سندھ
ڈسٹرکٹ برانچ حیدرآباد

# THREE YEARS ACTIVITY REPORT

## 2020-2023

**ADVOCATE MEHMOOD ALI KHAN KAIM KHANI**
Chairman
Red Crescent Branch Hyderabad-Sindh